غالب کے عہد میں مشرق میں متاع ہنر کی وہ قدر نہ تھی جو ہونی چاہیے تھی۔ بیسویں صدی کا جاپان ہر نئی تکنیک سیکھنے پر دل وجان سے تل پڑتا تھا۔ اس کا اشتیاق روز افزوں بڑھتا رہا۔ اب چین اور ہندوستان میں بھی ایسی لگن پیدا ہو چکی ہے۔

کرتے کس منہ سے ہو غربت کی شکایت غالب
تم کو بے مہری یاران وطن یاد نہیں

رام چندر کے تبدیلی مذہب پر دلی کے بعض لوگوں کے سلوک سے غالب کو بہت صدمہ پہنچا تھا۔ یہ شعر اس کا مظہر ہے۔

۲۰- (رام چندر سے ملنے کا اشتیاق)

مہرباں ہو کے بلا لو مجھے چاہو جس وقت　　میں گیا وقت نہیں ہوں کہ پھر آ بھی نہ سکوں
ضعف میں طعنۂ اغیار کا شکوہ کیا ہے　　بات کچھ سر تو نہیں ہے کہ اٹھا بھی نہ سکوں
زہر ملتا ہی نہیں مجھ کو ستمگر ورنہ　　کیا قسم ہے ترے ملنے کی کہ کھا بھی نہ سکوں

Ghalib Craves for Seeing his Chander

Kindly call me when you will
I'm not time passed that can't come
In age me mind not enemy's taunts
Words not head that can't uplift
No vow for meeting, no poison for eating
(You torment me as much as fate)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مشرق کی پہچان حنا پہلے تیری انگلی کو اپنے رنگ میں رنگے ہوئی تھی۔
رنگ اڑ گیا اور ناخن انگلی کے گوشت سے جدا نظر آنے لگا۔

☆☆☆

نالۂ دل نے دیئے اوراق لختِ دل بہ باد
یادگار نالہ یک دیوانِ بے شیرازہ تھا

(غالب)

رام چندر کو سائنس سے دلی وابستگی تھی۔ ان کا ذہن سائنسی فتوحات کا ایک دیوان تھا۔ انھوں نے اپنے شوق کو سپرد قلم نہ کیا۔ شعر بالا رام چندر کے حسب حال ہے۔ خصوصاً یہ ان کے اس دور کا عکاس ہے جب دلی کالج سے قطع تعلق کر کے وہ کانپور کے ایک چرچ میں مقیم ہو گئے تھے۔

ذیل کا قطع بھی رام چندر سے منسوب ہے۔

آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے
کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا
یاد کر وہ دن کہ ہر یک حلقہ تیرے دام کا
انتظارِ صید میں اک دیدۂ بے خواب تھا
میں نے روکا رات غالب کو وگرنہ دیکھتے
اس کے سیل گریہ میں گردوں کف سیلاب تھا

☆☆☆

۲۱- (رام چندر کے بعد کی ویرانی)

وہ فراق اور وہ وصال کہاں — وہ شب و روز و ماہ و سال کہاں

فرصتِ کاروبارِ شوق کسے — ذوقِ نظارۂ جمال کہاں

دل تو دل وہ دماغ بھی نہ رہا — شورِ سودائے خط و خال کہاں

تھی وہ اک شخص کے تصور سے — اب وہ رعنائیٔ خیال کہاں

ایسا آساں نہیں لہو رونا — دل میں طاقت جگر میں حال کہاں

ہم سے چھوٹا قمار خانۂ عشق — واں جو جاویں گرہ میں مال کہاں

فکر دنیا میں سر کھپاتا ہوں — میں کہاں اور یہ وبال کہاں

مضمحل ہو گئے قویٰ غالب
وہ عناصر میں اعتدال کہاں

The Good Times Gone

The meeting's glow and parting's blow
Had their times but not now so.
There's no time for heart's pursuit
No earnest gazing at beauties cute
That heart's dreary that mind afloor
No charm in curve.the points are bore
He modelled the shapes of beauties to come
The man is gone with him the blossom
Its's blood-weeping time tho not easy coming

The heart beats feeble, the liver's trembling
We missed the science its theory holds
He isn't beyond reach but cost withholds
I kill my time in mundane affair
Tho neither was born for the other
O Ghalib my organs are piles of rubble
The mind's not firm nor elements stable

۱۔ رام چندر کی مفارقت میں غالب اپنے مطالعہ سائنس کے شوق کو برقرار نہ رکھ سکے۔ مستقبل کے سائنسی تجربات کے متعلق غور و فکر کا ذوق بھی ختم ہو گیا۔

۲۔ خط سے مراد ٹیلی وژن کا تصور ہے اور خال سے مراد ریڈیائی شعاع ہے۔ ریڈیائی شعاع موجوں میں چلتی ہے۔ موج میں زیر و بم ہوتا ہے۔ زیر سایہ کا غلبہ ظاہر کرتا ہے اور بم روشنی کا۔ یہ دونوں خال کے نقش ہیں۔ ان دو طرح کے خالوں کا تواتر بڑھتا ہے تو روشن خال خط کی صورت میں نظر آتے ہیں۔

۳۔ میری رعنائی خیال ایک شخص (رام چندر) کے تصور پر مبنی تھی۔ اس کے بچھڑنے کے بعد خیال کی وہ رعنائی چلی گئی۔

۴۔ اس شعر میں ضمیر متکلم جمع ضرورتاً مستعمل ہے۔

غالب اکثر فطری سائنس کو عشق کہتے ہیں۔ اس کے جواز میں دیباچہ کلیات غالب کا یہ جملہ اس کے سیاق میں دیکھیں "شادم از آزادی کہ بساط سخن بہ ہنجار عشق بازاں گزاردہ ام"۔ اس جملہ میں عشق بازاں سائنس دانوں کے معنی میں آیا ہے۔ قدرت عشق سے مراد ہے سائنس کا نظریاتی حصہ۔

شعر سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ رام چندر دلی میں واحد نظریاتی سائنس داں تھے۔ نظریاتی سائنس کے بغیر سائنس کی تعلیم ادھوری رہ جاتی ہے، مگر اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کانپور جانے آنے کی کلفت غالب اور ان کے جیسے دوسرے سائنس کے شیدائیوں کے بس کی بات نہ تھی۔

☆☆☆

حیراں ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں

سائنسی مسائل سے متعلق تجسس غالب کے شوق کا اہم ترین موضوع تھا۔ اس کی تشفی کا واحد ذریعہ رام چندر تھے۔ دلی سے رام چندر کا جانا گویا غالب کے دل کا جانا تھا۔ غالب جسمانی اور مالی لحاظ سے اس لائق نہ تھے کہ وہ رام چندر کے پاس کانپور جانے آنے کی صعوبت برداشت کر پاتے۔ وہ اپنی معذوری کا دکھڑا کھل کر رو بھی نہ سکتے تھے۔ لہٰذا وہ خاموشی سے رام چندر کی جدائی کا صدمہ جھیلتے رہے۔

چھوڑا نہ رشک نے کہ ترے گھر کا نام لوں
ہر اک سے پوچھتا ہوں کہ جاؤں کدھر کو میں
خواہش کو احمقوں نے پرستش دیا قرار
کیا پوجتا ہوں اس بت بیداد گر کو میں

☆☆☆

۲۲- (رام چندر کے ہجر کا درد)

گرد کیا خاک اس گل کی ہے گلشن میں نہیں
ہے گریباں ننگ پیراہن جو دامن میں نہیں -۱

ضعف سے اے گریہ کچھ باقی مرے تن میں نہیں
رنگ ہو کر اڑ گیا جو خوں کہ دامن میں نہیں

ہو گئے ہیں جمع اجزائے نگاہ آفتاب
ذرے اس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں -۲

رونق ہستی ہے عشق خانہ ویراں ساز سے
انجمن بے شمع ہے گر برق خرمن میں نہیں -۳

زخم سلوانے سے مجھ پر چارہ جوئی کا ہے طعن
غیر سمجھا ہے کہ لذت زخم سوزن میں نہیں -۴

بسکہ ہیں ہم اک بہار ناز کے مارے ہوئے
جلوۂ گل کے سوا گرد اپنے مدفن میں نہیں -۵

قطرہ قطرہ اک ہیولیٰ ہے نئے ناسور کا
خوں بھی ذوق درد سے فارغ مرے تن میں نہیں -۶

لے گئی ساقی کی نخوت قلزم آشامی مری
موج مے کی آج رگ مینا کی گردن میں نہیں -۷

ہو فشار ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود
قد کے جھکنے کی بھی گنجائش مرے تن میں نہیں -۸

تھی وطن میں شان کیا غالب کہ ہو غربت میں قدر
بے تکلف ہوں وہ مشت خس کہ گلخن میں نہیں

The Agony of Ramchander's Desertion

The rose that breaks off the garden is a rose in name
The leader who shuns his base is public shame
My wailing has deprived me of all my energy
Even the stains of my tears have gone off my negligee
The vents in his house are crowded with photons
No atoms were left in for their dispersions
The life glories on selfless love
The world gets light from nuclear trove
I got somehow his vacancy filled
In reaction I's taunted and reviled
We're slaughtered by a pride of bloom
We take to grave our dreams unloomed
Each drop of my sweat's a potent fountain
My blood in vein yet suffers labour pain
The saki's vanity caused drinkers' ship-wreck
No trickle of wine has reached duck's neck
The crush of age has sapped and sagged
I can't even bow because I'm gagged
Abroad I'm alien, stranger among kin
Ghalib's a straw in line of a bin.

۱- مالی کی قدر وہی گاؤں میں ہوتی ہے اور پھول گلشن میں معتبر رہتا ہے۔

دوسرے مصرعے کے لفظ گریباں سے مراد بلند مرتبہ یا صاحب بصیرت شخص سے ہے۔ دامن سے مراد عوام ہیں۔ اگر سربراہ قوم سے ناطہ توڑ لیتا ہے تو وہ ننگ قوم ہے۔

۲- رام چندر نے بن سے جاتے وقت اپنے پیچھے پتھر نہیں چھوڑے تاکہ مڑ کر دن کی طرف دیکھنے کی نوبت نہ آئے۔ ان کے گھر کے روزن کے ایٹم تک ان کے ساتھ چلے گئے۔ ان کے گھر کے روزنوں میں آفتاب کے ذرات کا اثر دہرا ہے کیونکہ انھیں جذب کرنے اور پھر بکھیرنے کے لیے ایٹم موجود نہیں (یہ ایٹم انکس سے منسوب حقیقت ہے اس سے رام چندر کی پہچان ہوتی ہے)

۳- شعر کے پہلے مصرعے میں عشق سے مراد شمسی کشش ہے اس کے سبب سورج کے قلب میں شدید حدت پیدا ہوتی ہے۔ اس حدت کا کچھ حصہ سورج کی سطح سے روشنی کے ساتھ خارج ہوتا ہے۔ اسی روشنی اور گرمی کی بدولت نباتات، حیوانات اور انسان زندہ ہیں۔ اسی کے سبب حیات کو رونق حاصل ہے۔ روشنی اور حدت کی شکل میں سورج اپنی دولت کائنات میں تقسیم کرتا ہے۔

دوسرا مصرعہ خرمن میں برق کی اہمیت بتاتا ہے۔ چھوٹے پیمانے پر ایٹم کا نیوکلیس ننھے ننھے دانوں کا خرمن ہے ان میں پروٹان ذرات مثبت برقی چارج کے حامل ہوتے ہیں۔ نیوکلیس کے گرد الیکٹران نامی ذرات گردش کرتے رہتے ہیں جو منفی برقی چارج رکھتے ہیں۔ ہر مادی چیز ایٹم سے بنی ہے۔ لہذا خرمن اور برق کا کھیل ہر جگہ ہے۔ الیکٹران بلبوں (bulbs) کے ذریعہ برقی روشنی خارج کرکے انجمنوں کو منور رکھتے ہیں۔ الغرض فطرت کے عوامل اپنے صرفے پر ذی حیات کی رفاہ میں مصروف

ہیں۔ یہ دونوں ان کے حق کے خواہش مند ہیں۔

۴۔ اس شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ رام چندر کی رخصتی کے وقت کی منظر کشی ہوئی ہے۔ جس میں غالب نے وقت کے تقاضے کی مدد کی بات کی ہے کہ انھیں چھوڑ کر کسی سفر پر جا رہے تھے۔

۵۔ غالب کا یہ ایک اہم شعر ہے۔ اس کے مطابق ان کے دوست رام چندر تھے۔ غالب کی عمر میں انھوں نے دلی چھوڑ کر غالب اور اپنے دوستوں سے چھٹکارا پا کر دور دراز کے سفر پر چلے گئے۔ ان کے دل میں کئی ارمان بھرے تھے۔ دلی سے جدا ہو کر چلے گئے ہوتے ہیں۔ وہ رام چندر کی ہجرت کے بعد بھی یہ کسک کی شدت ان کا دامن پکڑے رہی۔

۶۔ یہ اس شعر کا ترجمہ ایک نئے رخ پر شعر کا بیان ہے۔ یہ ان کی تخلیقی دردِ دل کا بیان نہیں۔ گویا غالب کی تخلیقی صلاحیت رام چندر کی ہجرت کے وقت سے اپنے عروج پر تھی۔

۷۔ جدید تحقیقات سے غالب کی آشنائی رام چندر کے وسیلے سے تھی۔ رام چندر کے فراق کے سبب غالب سائنسی کارواں سے الگ تھلگ پڑ گئے۔ اس کا اثر غالب کی شخصیت پر پڑنا ناگزیر تھا۔

۸۔ اس شعر میں غالب اپنی ضعیفی کا رونا رو رہے ہیں۔ ضعف سے جسم اس قدر خستہ حال ہے کہ دیدار و دیدارِ شوق میں ان کا تن جاں محال ہو گیا ہے۔

۲۳- (الیکٹران کی کہانی)

کب وہ سنتا ہے کہانی میری — اور پھر وہ بھی زبانی میری -۱

خلشِ غمزۂ خوں ریز نہ پوچھ — دیکھ خونابہ فشانی میری -۲

کیا بیاں کر کے مرا روئیں گے یار — مگر آشفتہ بیانی میری -۳

ہوں ز خود رفتۂ بیدائے خیال — بھول جانا ہے نشانی میری -۴

متقابل ہے مقابل میرا — رک گیا دیکھ روانی میری -۵

قدرِ سنگِ سرِ رہ رکھتا ہوں — سخت ارزاں ہے گرانی میری -۶

گرد بادِ رہِ بے تابی ہوں — صرصرِ شوق ہے بانی میری -۷

دہن اس کا جو نہ معلوم ہوا
کھل گئی ہیچ مدانی میری -۸

Electron's Life-Story

Nuke won't ever like my story to hear

And all the more if I seek her ear

Why ask how prickly her blood-letting lash

It's writ large in the colour I flash

Saying what of me my friends would weep

It's sifting of words from my wavy sweep

I miss my hive despite its gloss

I'm traceable by my memory loss

I stick to a point if my like's on run

And when I'm running he stands in shun
I look a pebble that rolls on road
Being free-runner I bear some load
I'm a scion to a frenzy at large
I'm an eddy in a current of charge
The source of my power I failed to find
The expose's a blow to my long-nosed mind.

ایٹم دورِ حاضر کا سب سے بڑا معجزہ ہے۔ ٹیلی فون، ریڈیو، ٹی وی، کمپیوٹر وغیرہ اس کے شہکار ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ ہمارے گھروں کی روشنی اسی کی بدولت ہے۔ یہ جاڑے کے موسم میں ہمیں گرم رکھتا ہے۔ گرمی میں اسے معتدل رکھتا ہے۔ یہ ہر جگہ ہر حال میں ہمارے کام آتا ہے۔ اگرچہ یہ بسا اوقات کئی ایٹم کے نیوکلیس کے گرد چکر لگاتا رہتا ہے مگر تنک مزاج بھی بہت ہے۔ یہ ہم سے فرار بھی بہت ہوتا ہے۔ آئیے اس سے اس کے حسب نسب کے ساتھ متعارف ہوں۔

ایٹم مادہ کا ایک نہایت چھوٹا ذرہ ہے۔ اسے دیکھنا ممکن نہیں۔ ہم اسے اس کے عمل سے جانتے ہیں۔ اس کے وسط میں ایک نہایت چھوٹی پٹی ہوتی ہے جسے نیوکلیس یا مرکزہ کہتے ہیں۔ یہ ننھے منے ذرات کا مجموعہ ہے۔ اس کے پروٹان نامی ذرات مثبت برقی چارج کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کے چارجوں کے سبب ہم نیوکلیس کو مثبت برقی چارج کا حامل مانتے ہیں۔

ایٹم میں نیوکلیس کے باہر مدار میں الیکٹران گردش کرتا ہے۔ اس کا سب سے نچلا مدار زمینی مدار کہلاتا ہے۔ اس مدار سے نیچے اترنے کی توفیق اسے حاصل نہیں۔ وہ بالائی مداروں میں سے کسی ایک مدار پر جست لگا کر چڑھتا، اس پر گردش کرتا اور ڈھلک کر کسی نچلے مدار پر پہنچتا ہے۔ نچلی جست پر وہ روشنی کا ایک ذرہ

(فوٹو) خوف کرتا ہے۔ ایٹم کو ہلکی برقی چوٹ کا احساس ہوتا ہے۔ یہ معمول سے زیادہ توانائی کی وصولی پر ایٹم کے احاطے سے نکل جاتا ہے اور جب سست ہو جاتا ہے تو کوئی نیوکلیس سے پکڑ کر اپنا حصہ بنا لیتی ہے۔

صراحت :

۱- الیکٹرون کی شکایت ہے کہ نیوکلیس اس کی بات خصوصاً اس کی زبان نہیں سمجھتی۔ الیکٹرون و نیوکلیس کے نزدیک زمینی مدار پر گردش کی تو مہلت نہیں دیتی۔ وہ نیوکلیس کو اپنی بات سنا سکے۔ فوراً ہی نیوکلیس اضافی توانائی دے کر پرے اچھال دیتی ہے اور وہ بالائی مدار پر پہنچ جاتا ہے۔

۲- نیوکلیس کے خون ریز غمزے کی خلش مت پوچھ۔ یہ میری خون نابہ فشانی جیسی ہے کہ حسن کے رنگ سے خوب ہے۔ دونوں بالکل یکساں ہیں۔

۳- میرے دوست میری زبان کی بات یاد کرتے رہیں گے۔ میں حرف و کلموں میں رواں کرتا ہوں۔ انھیں مربوط کرنے میں وہ ضرور پڑیں گے۔ واضح ہو کہ ریڈیو نشریات صفر (0) اور ایک (1) کے عددی کوڈ میں اور برقی گرافی صوتی نقطے اور خط (Dot and dash) کے ضابطے میں وضع ہوتے ہیں۔

۴- میں اپنے چھتے (ایٹم) کی شناخت بھول جاتا ہوں۔ ایک بار اگر اپنے چھتے سے نکلا تو میرا واپس آنا محال ہے۔ خود فراموشی میری پہچان بن گئی ہے۔

۵- روشنی میری متقابل ہے۔ روشنی کی رفتار کو ثبات حاصل ہے وہ مجھ سے تیز نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا اگر میں چلوں تو اسی وقت روشنی ساکت ہو جائے گی۔

۶- میری قدر رات کے نخرے جیسی ہے۔ میں بہت باوقار ہوں مگر اسی قدر سست بھی۔

۷- میں ایک وحشت ناک راہ کا گرد باد ہوں۔ شوق کے طوفان میں میرا جسم

ہوا۔ (الیکٹران اس وقت پیدا ہوا جب کائنات اپنی ابتدائی جوہر نما جسامت میں دھماکے کے سبب انتہائی سرعت سے پھیل رہی تھی اور حدت اپنی آخری حد پر تھی۔ اس حالت میں الیکٹران کی شکل میں حدت سے مادہ پیدا ہوا۔ کائنات قدرے سست گام ہوئی، حدت کچھ نیچے پہنچی۔ ایٹم بنے اور ان کے جلو میں کہکشائیں بنیں۔ پھر آدمی نمودار ہوا اور الیکٹران کے معجزات سامنے آئے۔ یہ ہے صرصر شوق)

۸۔ مشہور ہے کہ الیکٹران سب کچھ جانتا ہے تلاش کا انجن گوگل دنیا بھر کی خبریں مہیا کر سکتا ہے مگر صرصر شوق یعنی برق مقناطیس کا منبع کہاں ہے یہ اسے نہیں معلوم لہٰذا اس کی ہیچ مدانی کا پول کھل گیا۔
(برق مقناطیس کا تخلیقی راز معلوم کرنے کی کوششیں قدیم زمانے سے ہوتی رہی ہیں۔ ان کوششوں کا مختصر جائزہ "تعارف" کے قدری میکانیات کے حصے میں دیکھیں)

☆☆☆

ہوئی اس دور میں منسوب مجھ سے بادہ آشامی
پھر آیا وہ زمانہ جو جہاں میں جام جم نکلے

الیکٹران کی ضیا پاشی سے کائنات نبات وحیات سے آباد ہے۔ دیگر فصلوں اور میوہ جات کے منجملہ انگور بھی اسی کا عطیہ ہے۔ آئندہ کی تکنیک سے الیکٹران جام جم کی طرح جہاں نما بن جائے گا (اب کمپیوٹر اور ٹی وی عام ہو چکے ہیں)

نفسِ قیس کہ ہے چشم وچراغِ صحرا
گر نہیں شمعِ سیہ خانۂ لیلیٰ نہ سہی

یہاں قیس الیکٹران کا استعارہ ہے۔ سیہ خانہ لیلیٰ سے مراد نیوکلیس ہے۔ الیکٹران ہر جگہ ضیا کار ہے سوائے نیوکلیس کے جہاں اس کی روشنی کا گزر نہیں۔

۲۴- (الیکٹران کی نازبرداری)

مانع دشت نوردی کوئی تدبیر نہیں
ایک چکر ہے مرے پاؤں میں زنجیر نہیں ۱-
شوق اس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو کہ جہاں
جادہ غیر از نگہ دیدۂ تصویر نہیں ۲-
حسرت لذت آزار رہی جاتی ہے
جادۂ راہ وفا جز دم شمشیر نہیں ۳-
رنج نومیدیٔ جاوید گوارا رہیو
خوش ہوں گر نالہ زبونی کش تاثیر نہیں ۴-
سر کھجاتا ہے جہاں زخم سر اچھا ہو جائے
لذت سنگ بہ اندازۂ تقریر نہیں ۵-
جب کرم رخصت بیباکی و گستاخی دے
کوئی تقصیر بجز خجلت تقصیر نہیں ۶-

Electron Loves doing Earthlings' Work

I have freedom of movement I carry no cable
There's nothing to murmur at my moving in a circle
In a sortie I hit a desert uncharted
No puff of a channel I traced there darted
My wrench for torments persists unquenched
I get little time for my earthly bench

My leftover rankle be a life-long affair
I'm happy my wailings enhance work pressure
When a fissure is healed it rears scabies
Stones were local but far-reaching shorties
When grace gives leave for breach of convention
There's only sin and that's dereliction.

وضاحت :

۱۔ دشت وہ میدان ہے جہاں ایگزامنر اپنی بندش سے آزاد ہو کر رہتا ہے۔ ایگزامنر کہتا ہے کہ ایسا نہیں ہے کہ کسی رنج کے سبب وہ دشت نوردی سے گریز کرتا ہے بلکہ اس کے پاؤں میں ایک چکر ہے۔ یہ چکر اس کے گھر کی برقی چارج کے سبب ہے جو [illegible] کے ثبت برقی چارج کا ذریعہ ہے۔

۲۔ ایگزامنر کہتا ہے کہ گھر والوں کے شور میں میں بھی بجلی کی طرح آنگن سے نکل کر دشت کے چکر کاٹتا ہوں جہاں رستہ نہیں ہوتا۔

۳۔ ایگزامنر اپنی دفتر سے نکل کر دوسروں کی فرمائش حتیٰ پیغام رسانی ریڈیو، ٹی۔ وی، کمپیوٹر وغیرہ کے کام میں لگ جاتا ہے۔ ان کاموں سے اسے بے حد دلچسپی ہے۔ مگر اس کے غیر دلچسپ کاموں کا دائرہ انتہائی وسیع ہے۔ اس کی دفتر سے پوری کائنات اس کا میدان عمل ہے۔ لہٰذا وہ کہتا ہے کہ جن حاجت مندوں کے کاموں کے لئے مجھے گھر کی ضرورت پڑتی ہے وقت کا ایک شمار ہوتا ہے لہٰذا مجھ کام چھوٹتا رہتا ہے اور مجھے ان دوسروں کی ہر دو [illegible] کا لطف مجھے حاصل ہوتا رہتا ہے۔

۴۔ ایگزامنر کہتا ہے کام میں تاخیر سے میں روتا ہوں۔ مگر اس بات کی خوشی

ہے کہ لوگ اس کا برا نہیں مانتے اور جھڑکیوں کے اضافے سے نوازتے رہتے ہیں۔

۵- 'زخمِ سر' استعارہ ہے بڑے موج طولوں (Wave-lengths) کے ریڈیو نشریہ کا۔ 'سر کی خارش' سے مراد چھوٹے موج طولوں کا نشریہ ہے۔ بڑے موج طولوں کا نشریہ کمزور ہوتا ہے اس کے بالمقابل چھوٹے موج طولوں کے نشریے طاقتور اور دور رس ہوتے ہیں۔ لذتِ سنگ استعارہ ہے بڑے موج طولی کے نشریہ کے اثر کا اور تقریر چھوٹے موج طولوں کے نشریہ کا۔ بڑے اقدام سے چھوٹے اقدام کی طرف جانا الیکٹرانکس میں ترقی کا مظہر ہے۔

۶- نیوکلیس اگر الیکٹران کو معمول سے زیادہ توانائی عطا کرتی ہے تو وہ گویا الیکٹران کو گھر سے باہر سیر پر جانے کی اجازت دیتی ہے۔ ایسی تقصیر مستحسن ہے بلکہ ایسا نہ کرنا بدخلقی کے مترادف ہے۔ جب مہربان حاکم اپنے عملوں کو رعایتیں تفویض کرے تو انھیں قبول کرنا کارِ ثواب ہے اور ٹھکرانا کفرانِ نعمت۔

☆☆☆

باذرۂ خاکِ درِ خسرو چہ کند مہر | خود روشنیٔ مہر ازیں خاکِ در آمد

کتاب ہذا کے تعارف پارہ (د) غار سیاہ کے آخری حصہ میں یہ حقیقت زیرِ ذکر آئی ہے کہ غار سیاہ کے قرب کی خاک سے ستارے بنتے ہیں۔ غار سیاہ انتہائی دبیز مادی وجود ہے۔ شعر بالا میں خسرو سے مراد غار سیاہ ہے۔ اس کے دروازے کے تھوڑے سے مادہ سے سورج (جو ایک تارہ ہے) برآمد ہوتا ہے۔ سورج کے حرز میں ثقلی کشش کا زور اس کے باہری حصوں سے زیادہ ہوتا ہے۔ لہٰذا حرز کے ہلکے ایٹم حدت کے سبب نیوکلیائی انضمام کے عمل سے گزرتے ہیں۔ اس عمل سے فاضل توانائی کا اخراج سورج کی باہری پرت سے ہوتا ہے۔ گویا سورج کی روشنی بھی خاکِ درِ خسرو سے پیدا ہوتی ہے۔

۲۵- (الیکٹران کی فریاد)

دھوتا ہوں جب میں پینے کو اس سیم تن کے پاؤں
رکھتا ہے ضد سے کھینچ کے باہر لگن کے پاؤں ۱-
دی سادگی سے جان پڑوں کوہکن کے پاؤں
ہیہات! کیوں نہ ٹوٹ گئے پیر زن کے پاؤں ۲-
بھاگے تھے ہم بہت سو اسی کی سزا ہے یہ
ہو کر اسیر دابتے ہیں راہزن کے پاؤں ۳-
مرہم کی جستجو میں پھرا ہوں جو دور دور
تن سے سوا فگار ہیں اس خستہ تن کے پاؤں ۴-
اللہ رے ذوقِ دشت نوردی کہ بعد مرگ
ہلتے ہیں خود بخود مرے اندر کفن کے پاؤں ۵-
ہے جوشِ گل بہار میں یاں تک کہ ہر طرف
اڑتے ہوئے الجھتے ہیں مرغِ چمن کے پاؤں ۶-
شب کو کسی کے خواب میں آیا نہ ہو کہیں
دکھتے ہیں آج اس بتِ نازک بدن کے پاؤں ۷-
غالب مرے کلام میں کیونکر مزا نہ ہو
پیتا ہوں دھو کے خسروِ شیریں سخن کے پاؤں ۸-

Electron's Grievance

A drink of her foot-wash if I wish

In arrogance she flings her foot off dish

The kohkan gave up life on hearing fake news
Fie non-felling of the bitch's sinews.
I fled off hearth and was held at last
The captor's foot-rub is my baste
We called at thousand doors for lotion of foot-sore
In travail she suffered but I suffered more
What a lingering longing for desert tracking
Though I'm in coffin my foot keep waving.
The spring's flowers have pervaded sky
The garden-birds can't straight way fly
In dream of someone she'd gone in night
In day she's suffering a sore-foot plight.

صراحت :

۱- جب نیوکلیس حالت سکون میں ہوتی ہے تو الیکٹران اس کے قریب زمینی مدار میں ہوتا ہے۔ اضافی توانائی کے حصول پر جب وہ مشتعل (Excited) ہوتی ہے تو اشتعال کے لحاظ سے الیکٹران اچھل کر اپنے بالائی مدار میں پہنچ جاتا ہے۔ شعر اسی منظر پر مبنی ہے۔

۲- روایت ہے کہ خسرو نے جس کے حرم میں فرہاد کی محبوبہ رہتی تھی فرہاد سے وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ پہاڑ (بے ستون) کاٹ کر دودھ کی نہر رواں کر دے تو شیریں کو اس کے حوالے کر دے گا۔ فرہاد (کوہ کن) نے شرط پوری کر دی۔ خسرو نے ایک بوڑھی عورت کی معرفت کوہ کن کو جھوٹی خبر بھجوائی

کیونکہ یہ انسانوں سے محروم ہیں۔ اس ورثی عورت پر عاشق ہو کر نیٹو نے مدد
سے قربانی دی۔ یہ ان کی روایت ہے
کی روایت میں یہ بھی ہوتا ہے۔

۳۔ ایٹمان اپنے شخص سے فرار ہو کر بہت تلاش کے بعد نیوٹلیس کی گرفت میں آ گیا۔ وہاں نیوٹلیس نے اسے اپنے پاس رکھنے پر مجبور کر دیا۔ معمولی خدمت کی تاکہ نیوٹلیس کے مدد میں رہے۔

۴۔ نیوٹلیس کے ذہن پر نوکر کے ہمراہی جستجو میں ایٹمان نیوٹلیس کے ساتھ دو ارادہ چھوڑ دیتا ہے۔ لہٰذا ان کے اپنے پاؤں جو بھی جاتے ہیں۔

۵۔ ایٹمان کے وجود کے ساتھ برقی مقناطیس کی ایک قدر (Quantum) کا ہونا لازمی ہے۔ اپنے برقی چارج کے تحت ایک ایٹمان دوسرے ایٹمان کے خیالات کا ادراک کر لیتا ہے۔ لیکن یہ قوت کی دیواریں ایٹمانوں کے باہمی رابطے کی راہ میں حائل نہیں ہو سکتیں۔

۶۔ ایٹما ایک خوبصورت کا دار وہ پورے شباب پر ہے۔ فضا میں ایٹما ایک پیغامات کی ترسیلات بہت آسان ہوتی ہیں۔ پیغام کی پرندوں کے پاس زندگی ریسیور (Receiver) کے پنجے سے لٹکتے رہتے ہیں۔

۷۔ رات میں نیوٹلیس غالب کی کے خواب میں آئی تھی۔ اس کے دن میں اس کے پاس رہ گئے ہیں۔ دن کے ایٹما ایک شرارت میں فضا کے برقی مقناطیسی خلل سے رخنہ پڑتا ہے۔

۸۔ اس شعر میں غالب بطور مشہور فارسی شاعر امیر خسرو سے عقیدت جتا رہے ہیں مگر کلام کا مزہ و فراز سے سمجھے بغیر نہیں مل سکتا، لہٰذا یہاں خسرو سے مراد فراز ہیں جن کے کلام پر غالب کان دھرے رہتے ہیں۔

۲۶- (ٹیلی ٹرافک کی گنجانیت)

برشگالِ گریۂ عاشق ہے دیکھا چاہیے | کھل گئی مانند گل سو جا سے دیوار چمن-۱
الفتِ گل سے غلط ہے دعویٔ وارستگی | سرو ہے با وصف آزادی گرفتارِ چمن-۲

صراحت:

برشگال یعنی آسمان کی طرف سے مینھ کی شکل میں بوندوں کا برسنا۔ گریہ سے مراد ہے جانفشانی۔ غالب سائنس داں کو عاشق کہتے ہیں۔

۱- سائنس دانوں کی جانفشانی قابلِ دید ہے۔ یہ ان کی محنت کا ثمرہ ہے کہ آسمان سے ریڈیائی نشریے بارش کی بوچھار کی طرح برس رہے ہیں۔ ٹیلی ٹرافک کے سیل سے خلا کی چنی دیوار پھول کی پنکھڑیوں کی طرح شگاف دار ہوگئی ہے۔ ہر جگہ ریڈیائی روابط کے وسائل، ٹیلی فون، ٹیلی وژن، کمپیوٹر وغیرہ پہنچ گئے ہیں۔ یہ غالب کا تصور ہے جو آج کی حقیقت بن چکا ہے۔

۲- گل سے مراد ریڈیائی اجزاء (bits) کا چھوٹا مرکب ہے۔ چھوٹا مرکب جو عموماً چار اجزاء پر مشتمل ہوتا ہے صوتی نشریہ کے لئے مناسب سمجھا جاتا ہے۔ سرو سے مراد ٹیلی وژن کا برقی دھارا یا چینل ہے۔

ٹیلی وژن میں منظر کے اجزاء ریڈیائی اجزاء کی بہ نسبت زیادہ تواتر (Frequency) سے مترسل کئے جاتے ہیں۔ کثرت تواتر کی وجہ سے ناظرین اجزاء کے مابین وقفوں کو نہیں دیکھ پاتے۔ لہٰذا وہ سالم منظر کا ادراک کرتے ہیں۔ گویا صوری ترسیل کا نظم صوتی ترسیل کے نظم سے اصلاً مختلف نہیں۔ فرق ترسیل سے منسوب کرنٹ کے پہلو بدلاو کے تواتر کے سبب ہے۔

۲۷- (نیوکلیئس کی روداد)

دیکھ کر در پردہ گرمِ دامن افشانی مجھے
کر گئی وابستۂ تن میری عریانی مجھے -۱

بن گیا تیغِ نگاہِ یار کا سنگِ فساں
مرحبا میں! کیا مبارک ہے گراں جانی مجھے -۲

کیوں نہ ہو بے التفاتی اس کی خاطر جمع ہے
جانتا ہے محوِ پرسشہائے پنہانی مجھے -۳

میرے غم خانے کی قسمت جب رقم ہونے لگی
لکھ دیا منجملۂ اسبابِ ویرانی مجھے -۴

بدگماں ہوتا ہے وہ کافر نہ ہوتا کاشکے
اس قدر ذوقِ نوائے مرغِ بستانی مجھے -۵

وائے واں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا
لے گیا تھا گور میں ذوقِ تن آسانی مجھے -۶

وعدہ آنے کا وفا کیجے یہ کیا انداز ہے
تونے کیوں سونپی ہے میرے گھر کی دربانی مجھے -۷

ہاں نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری واہ واہ
پھر ہوا ہے تازہ سودائے غزل خوانی مجھے -۸

A Nuke's Story

Seeing stealthly my flapping of charge

My ego attached me to a body at large

I rose to a stone to the friend's sword grind
In me long life and luck combined
Why shouldn't pose he indifferent to me
He very well knows I love him stealthly
In gloom of my house the fate has put in
An expanse of desert, a lasting ruin
That reckless infidel too prone to rumour
I regret my fancy for an out-door singer
I went to grave to keep out of noise
But alas! the doomsday spoiled my poise
Come darling quick don't beat about bush
I'm my home-guard no further push
Word afloat new bloom anchor casting
I'm in hurry for a ghazal broadcasting

صراحت :

۱- نیوکلیئس ابتداءً اکیلی تھی۔ اس کی محفل میں کوئی رقاص یعنی الیکٹران نہیں تھا۔ گویا وہ عریاں تھی۔ الیکٹران کی گردش ہی نیوکلیئس کی پردہ پوشی کرتی ہے۔ وہ حیا کے ساتھ روشنی جذب کرتی اور چھوڑتی تھی۔ اس کی عریانی نے اس کی حالت زار پر ترس کھا کر اسے الیکٹران سے وابستہ کر دیا۔ اس وابستگی کی بدولت اس کی سرپرستی میں ایک فعال محفل بن گئی۔

۲- ایٹم میں الیکٹران کی گردش سے کے نیوکلیس اپنے گرد م سے کم پانچ

خطوں پر یہ ایک مدار متعین کرتی ہے۔ نیوکلیس سے قریبی مدار کو زمینی (ground) مدار کہتے ہیں۔ اس سے اوپری مدار ترتیب سے اول، دوم، سوم اور چہارم مدار کہے جاتے ہیں۔ اوپری مدار نیوکلیس سے ایکٹران کو حاصل توانائی کے مقدار سے منسوب ہیں۔ مثلاً ایک ایکٹران کسی نیوکلیس سے چار قدر توانائی والے عکس سے موصول ساری توانائی جذب کر لے تو ایکٹران اس سے اچھل کر جذب کرتا ہوا چہارم مدار پر پہنچ جائے گا اور فوراً ہی مخالف سمت کے ذریعہ زمینی مدار پر پہنچ کر شعاع کی صورت میں جذب کی ہوئی توانائی خارج کرے گا۔ اس شعاع کی دھار (قوت) سب سے زیادہ ہوگی۔ اگر کسی اوپری مدار سے وہ شعاع خارج کرتا تو اس کی دھار قدرے کم صلاحیت کی حامل ہوتی۔ جو مدار نیوکلیس سے جتنا قریب ہے وہاں سے خارج شعاع اسی قدر زیادہ توانا ہوگی یعنی نیوکلیس سے مدار کی دوری اس کی شعاع کی ناتوانی بڑھاتی ہے۔

مدار مخصوص ایسی توانائی کا سبب ہے کہ زمینی مدار میں ایکٹران سب سے زیادہ تیز رفتار گردش کرتا ہے۔ باقی مداروں میں اس کی گردش کی رفتار درجہ بدرجہ کم ہوجاتی ہے۔ مغربی سائنس دانوں نے ان حقائق کی دریافت بیسویں صدی کے پہلے نصف میں کی۔ غالب اسے انیسویں صدی کے وسط میں بیان کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ غالب نے اسے قدیم ایرانی سائنس سے وراثت میں حاصل کیا ہے۔

۳۔ منفی برقی چارج کا حامل ایکٹران جانتا ہے کہ مثبت برقی چارج کی حامل نیوکلیس اس کی کشش سے اتنا ہی متاثر ہے جتنا خود وہ نیوکلیس کی کشش سے متاثر ہے۔ ایکٹران نیوکلیس سے کچھ دور اس لئے رہتا

ہے کہ اس کی بنیادی توانائی کی تاثیر یت اسے اور نزدیک بڑھنے کی اجازت نہیں دے سکتی۔

۴۔ نیوکلیس کو شکایت ہے کہ مشیت نے روزِ ازل ہی اس کی قسمت میں ساری ویرانیاں رقم کردیں۔ ایکٹران کی حالت سے اگر اس کی حالت کا مقابلہ کریں تو ظاہر ہوگا کہ اول الذکر اپنے گھر سے باہر جا سکتا ہے، اس کا دائرۂ عمل وسیع ہے، اکثر اوقات نظم میں متعدد ایکٹران کام کرتے ہیں جب کہ نیوکلیس کو نہ اتنی فراغت ہے اور نہ تفریح کا موقع نہ راہ ورسم کی گنجائش۔

۵۔ مجھے ان گانے والوں (ایکٹرانوں) کے گانے بہت پسند ہیں جو پڑوسی مکانوں میں بھی گایا کرتے ہیں۔ میری یہ عادت میرے وفادار ایکٹران پر گراں گزرتی ہے۔ کاش مجھے اس قسم کی عادت نہ ہوتی۔

۶۔ میں ایکٹرانوں کے شور شرابے سے گھبرا کر راحت کی سانس لینے گور میں آئی تھی مگر رونا اس بات کا ہے کہ گور میں شورِ قیامت آدھمکا۔

۷۔ الیکٹران گھر چھوڑ کر باہر رفوچکر ہوگیا۔ جاتے وقت اس نے جلد واپس آنے کا وعدہ کیا تھا۔ اس نے وعدہ نہیں نبھایا۔ میں دروازے پر کھڑی ایک مدت سے اس کی راہ تک رہی ہوں۔

۸۔ ایکٹرانک موسم بہار آگیا۔ یہ نشاط پرور موسم تازہ غزل خوانی کے لئے بہت سازگار ہے۔ ریڈیو اور ٹی۔وی کے ذریعہ میرے کلام کی رسائی عالمگیر ہو چکی ہے۔

۲۸- (الیکٹران نے کی نیوکلیئس کی دلجوئی)

چاک کی خواہش اگر وحشت بہ عریانی کرے
صبح کے مانند زخم دل گریبانی کرے -۱

جلوے کا تیرے وہ عالم ہے کہ گر کیجے خیال
دیدۂ دل کو زیارت گاہ حیرانی کرے -۲

ہے شکستن سے بھی دل نومید یا رب کب تلک
آبگینہ کوہ پر عرض گرانجانی کرے -۳

میکدہ گر چشم مست ناز سے پاوے شکست
موئے شیشہ دیدۂ ساغر کی مژگانی کرے -۴

خط عارض سے لکھا ہے زلف کو الفت نے عہد
یک قلم منظور ہے جو کچھ پریشانی کرے -۵

Elect Mollifies Nuke

If frenzy at worst seeks nuke to break
The world would slip to the first dawn crack
Your image would throw the world off balance
The vanities of elects would sink into silence
She put up for long with ruthless heart
It looks so adamant as can't ever part
If ever her bar is breached by a dash
Her finest rays would cup's eye lash

The nuke's blown-up guidance on her face

In spite of hurdles I'll go by her grace.

صراحت :

۱- اگر وحشت اپنی بدترین خبث نفسی سے ساری نیوکلیس توڑ ڈالے تو پھر اس کی حرکت کائنات انتہائی تباہی کے سیل میں غرق ہو جائے گی۔ سورج، ستارے، پیڑ پودے، حیوان، انسان سب ختم ہو چکے ہوں گے۔ محض الیکٹران، پروٹان جیسے ذرات بچ رہیں گے۔

۲- تیرا (نیوکلیس کا) جلوہ اس قدر ناقابل دید ہے کہ اعلیٰ سے اعلیٰ خوردبین بھی اسے دیکھنے سے قاصر ہے۔ نیوکلیس ایک سینٹی میٹر کے ایک لاکھ کروڑویں جز کے مساوی ہوتی ہے۔ اس سے لاکھ گنا بڑا ایٹم کا قد ہے۔ ابھی تک ایٹم کو دیکھنا ممکن نہیں ہو پایا ہے۔

۳- نیوکلیس کی نادیدنی اپنی جگہ، اسے چاک کرنے کی سعی بھی بیسویں صدی کے قبل تک بارآور نہیں ہو پائی تھی۔ لہٰذا نیوکلیس اپنی ناشکستگی کا دکھڑا خدا کے بارگاہ میں یوں رو رہی ہے 'خدایا! اب تو میں ٹوٹنے سے بھی رہ چکی ہوں۔ میرا آئینہ کب تک سائنس دانوں کے سر پر سوار ہو کر اپنی گرانجانی کا گلہ کرتا رہے گا'۔

۴- اگر میدہ یعنی نیوکلیس میں کوئی مایہ ناز خوردبین (سائنس داں) رسائی حاصل کر لے تو شعاع کاری کا کام الیکٹران کے بجائے خود نیوکلیس کرنے لگے گی۔ جتنی طاقتور (باریک) شعاع اس میں راہ پائے گی اتنی ہی طاقتور شعاعیں اس سے خارج ہوں گی۔

۱۹۱۱ء میں مشہور برطانوی سائنس داں رتھر فورڈ نے نیوکلیس چاک کرنے

کی صبح سرکی۔ نیوکلیس کی تابکاری سے متعلق ان کے انکشافات عہد آفریں ہیں۔ غالب کا کلام اس سلسلے کا ایک نقشِ قدم ہے۔

۵۔ نیوکلیس نے اپنی زلف کے مختلف مبانی والے موؤں سے اپنے عارض پر خطوط متعین کر دیئے ہیں۔ وہ خطوط توانائی کے پیمان اور کام کے مراتب سے منسوب ہیں۔ دوسرے لفظوں میں کہہ سکتے ہیں کہ نیوکلیس کے ذریعہ واگزار توانائی کے مقدار سے ایٹم کے احاطے میں الیکٹران کے مدار متعین ہوتے ہیں۔

☆☆☆

در پہ رہنے کو کہا اور کہہ کے کیسا پھر گیا
جتنے عرصہ میں مرا لپٹا ہوا بستر کھلا

الیکٹران نیوکلیس کے قریب زمینی مدار پر ایک لمحہ کے لیے ٹھہر پاتا ہے۔ نیوکلیس سے حاصل اضافی توانائی پر اسے اچھل کر بالائی مدار پر جانا پڑتا ہے۔

میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں
وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا

الیکٹران کو نیوکلیس کے مقرر کردہ مدار پر بغیر انحراف کے چکر لگانے کی پابندی ہے۔ الیکٹران کے وجود کے لیے ناگزیر توانائی کی قدر ناقابل انتقال ہے لہٰذا الیکٹران مر بھی نہیں سکتا۔ بہر حال اسے اندوہِ وفا جھیلنا ہے۔

۲۹- (الیکٹران اور نیوکلیس کے ناز و نیاز)

وہ آ کے خواب میں تسکین اضطراب تو دے
ولے مجھے تپش دل مجال خواب تو دے-۱
کرے ہے قتل لگاوٹ میں تیرا رو دینا
تیری طرح کوئی تیغ نگہ کو آب تو دے-۲
دکھا کے جنبش لب ہی تمام کر ہم کو
نہ دے جو بوسہ تو منھ سے کہیں جواب تو دے-۳
پلا دے اوک سے ساقی جو ہم سے نفرت ہے
پیالہ گر نہیں دیتا نہ دے شراب تو دے -۴
اسد خوشی سے مرے ہاتھ پانو پھول گئے
کہا جو اس نے ذرا میرے پانو داب تو دے-۵

Electro-Nuke Pleasantries

Nuke: He may dream-visit my ruffle to soothe
If ruthless heart spares its tooth
Elect: Your tear's a killer when locked with another
The sheen of your syrup my eye's thriller
Nuke:Your cupping of lips is enough for dying
If a kiss forbidden in word no shying
Elect: Just pour in hand if cup defiles
If a pot lame-ducking keep wine mobile

Asad , my hands are bloomed with joy

When she murmured 'A foot rub boy'.

صراحت :

۱۔ نیوکلیس:

وہ (الیکٹران) خواب میں آ کر میرے شعلۂ جاں کو ہوا دیتا، مگر پہلے دل کی تڑپ مجھے سونے تو دیتی۔

۲۔ الیکٹران:

جب تیرے ساتھ ایک اور بانیٔ روشنی کو باہوں میں لیتا ہوں تو تیرے آنسو نکل آتے ہیں۔ تیرے آنسو تیغ نگہ کو آبدار بنانے میں بڑے کارگر ہیں۔

۳ نیوکلیس:

تو بوسہ نہیں دیتا نہ دے۔ مجھ سے بات تو کر۔ تیری جنبش لب میری زندگی کا حاصل ہے۔

۴۔ الیکٹران:

اگر ہم سے نفرت ہے تو چلو یہی پلا دے۔ پیالہ (پیمانہ) سے نہیں پلاتا ہے نہ پلا، ہمیں شراب تو دے۔

۵۔ الیکٹران:

نیوکلیس نے مجھ سے اپنے ہاتھ پاؤں دابنے کی فرمائش کی ہے۔ اے اسد یہ سن کر خوشی سے میرے ہاتھ پاؤں پھول گئے ہیں۔

۳۰- (ایٹمی کنبہ میں وصل وفراق کے واقعات)

آمدِ خط سے ہوا ہے سرد جو بازارِ دوست
دودِ شمعِ کشتہ تھا شاید خطِ رخسارِ دوست ۱-
اے دلِ ناعاقبت اندیش ضبطِ شوق کر
کون لا سکتا ہے تابِ جلوۂ دیدارِ دوست ۲-
خانہ ویراں سازیٔ حیرت تماشا کیجیے
صورتِ نقشِ قدم ہوں رفتۂ رفتارِ دوست ۳-
عشق میں بیدادِ رشکِ غیر نے مارا مجھے
کشتۂ دشمن ہوں آخر گرچہ تھا بیمارِ دوست ۴-
چشمِ ما روشن کہ اس بے درد کا دل شاد ہے
دیدۂ پرخوں ہمارا ساغرِ سرشارِ دوست ۵-

Events of Union and Parting in Atomic House-hold

Nuke :A letter caused friend's market decline
A streak of dead candle interloped in his line
Elect :O love mad heart keep fury in check
Who could stand my friend's out-break
Nuke :My sloth's a spoiler of my life's stint
To love's racing frenzy I look like print
I'm in trap of a tyrant's redoubt

Tho fell to a friend I'm an enemy's rout

I thank my luck my torture's happy

My blood-red eyes are highly crispy.

[illegible]

۱- نیوکلیس :

[illegible]

۲- الیکٹران:

[illegible]

۳- نیوکلیس:

[illegible]

۴- نیوکلیس :

اب دوست دوسرے [illegible]

[illegible]

۵- نیوکلیس :

[illegible]

[illegible] (اسی بزم میں [illegible])

۳۱- (ذرہ اور موج کا مکاشفہ)

رشک کہتا ہے کہ اس کا غیر سے اخلاص حیف
عقل کہتی ہے کہ وہ بے مہر کس کا آشنا -۱

ذرہ ذرہ ساغر میخانۂ نیرنگ ہے
گردش مجنوں بہ چشمک ہائے لیلیٰ آشنا -۲

شوق ہے ساماں طراز نازش ارباب عجز
ذرہ صحرا دستگاہ و قطرہ دریا آشنا -۳

میں اور ایک آفت کا ٹکڑا وہ دل وحشی کہ ہے
عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا -۴

شکوہ سنج رشک ہم دیگر نہ رہنا چاہیے
میرا زانو مونس اور آئینہ تیرا آشنا -۵

کوہ کن نقاش یک تمثال شیریں تھا اسد
سنگ سے سر مار کر ہوئے نہ پیدا آشنا -۶

Particle Behaving as a Wave

The jealousy deplores elect goes off border

The reason opines he's loveless don't bother

Particles are bearers of magical wine

What passes in a nuke elects readily divine

In drives of the lowly come prides of possession

The speck has its desert the drop its ocean

Me tied to a post and that frenzy-hit ball

An enemy to comfort and a reckless toll
No good hole-picking in one another
My knee an assembler, thy wave a mirror
The kohkan was drawing an image of his love
No cutter of stone ever worn a glove.

نوٹ: [illegible] ہیں [illegible] اختیار کرتا ہے۔

۱- ثقلی کشش:

[illegible] جب کہ اس میں کشش
[illegible] نہیں۔

قدری میکانیات:

[illegible] نہیں سکتے۔

۲- قدری میکانیات:

[illegible] ایک قدر [illegible] نیوکلیس کی
چشمک سے [illegible] کرتا ہے۔

۳- ایضاً:

ذراتی جہان کا [illegible] ہے۔ اس کی بدولت ذرہ
[illegible] اور [illegible]۔

۴- نیوکلیس:

مجھے ایک ایسے محبوب سے سابقہ پڑا ہے جو آفت کا ٹکڑا ہے، عافیت کا دشمن
اور آوارگی کا عاشق۔

۵- الیکٹران:

ہمیں ایک دوسرے کا شکوہ زیبا نہیں۔ میرے زانو پر حرفوں کے ٹکڑے مربوط ہوتے ہیں تیرے آئینے میں صورتیں ڈھتی ہیں۔

۶- ایضاً :

اے اسد کوہ کن (الیکٹران کا نمائندہ) تمثالِ شیریں کا نقاش تھا۔ وہ الیکٹرانوں کے ذریعے شیریں کی شبیہ دیکھتا تھا۔ ورنہ پتھر پر سر مار کر کوئی آشنا نہیں ہوتا۔

☆☆☆

یک ذرہ زمیں نہیں بیکار باغ کا
یاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالہ کے داغ کا

(غالب)

ہماری کہکشاں منجملہ دیگر کہکشاؤں کے مختلف النوع اجرام سماوی کے ایک باغ جیسی ہے۔ اس باغ کا ایک ذرہ بھی بیکار نہیں۔ جادہ خلا کا خم ہے جس کے راستے سے مادہ معہ توانائی کہکشاں کے مرکزی غار سیاہ میں کشاں کشاں جاتا ہے۔ غار سیاہ کے قرب کی شعاعیں دور سے دیکھنے والے کو سرخ دکھائی دیں گی چونکہ اس کی سمت جاتی ہوئی شعاعیں خلائی خم کے سبب اپنی توانائی کھوئیں گی۔ لہذا ان کی سرخ میلانی بڑھے گی۔ جو مادہ فتیلہ کے تیل کی طرح غار سیاہ میں کھینچ کر جاتا ہے وہ غار سیاہ کے داغ میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

۳۲- (مایوسی مشرق را مداوا)

[illegible] برخیز
[illegible] -۱

[illegible]
[illegible] برخیز -۲

[illegible]
[illegible] برخیز -۳

[illegible]
[illegible] برخیز -۴

[illegible]
[illegible] برخیز -۵

[illegible]
[illegible] برخیز -۶

[illegible]
[illegible] برخیز -۷

[illegible]
[illegible] برخیز -۸

[illegible]
[illegible] برخیز

[illegible]
[illegible] برخیز -۱۰

Awake O East

1. Have faith in science, get rid of misgivings

Either accept the facts it declares or go in for their check-ups.

2. The dew- drops you're receiving in alms from the prosperous west are shame to your self-respect. It's high time for you to get up from bed to work for your up-keep with a surplus for the needy.

3. Why do you solicit alien club for miracle technology. Be up and surpass in excellence and shine in lime-light of attention.

4. O flash of Mount Toor, how come you are dancing around shrubs and boulders.

Through your insight, you enter into the hearts of problems and rise with a new life.

5. You have decayed like dust. It doesn't behove you running after delicacies. Say bye to your penchant for a life of luxury. Work your way into a bone and arise from its marrow.

6. If any trace of self- respect is left behind in you after routine sweeping, come out of the state before that too is gone.

7. Your withdrawal from work amounts to your

death warrant. A dark container of discards produces nothing but dust.

8. Your counterpart (west) worked hard and is enjoying the fruits of his labour, but who told you to leave the field in a huff.

9. O, Ghalib you have come to give solace to a life in distress and not for his chastisement. What all this blistering for? Be seated in the memory of the aggrieved and depart biting your lips in sorrow.

10. I keep giving you a cuplet of wine each morn. Why don't you wake up a god sleeping at the foot of the fire-worshippers' ward.

۱۔ سانس میں یقین کر اور اس کے متعلق بدگمانی سے پرہیز کر۔ اگر اس سے مطمئن ہے تو اس کی روشنی میں عمل کر۔ اگر مطمئن نہیں تو بہتر ہے خود اسے بجھا دے۔

۲۔ کل (اہل فن) تجھ پر شعر فشانی کرتے تھے تیری تحقیر کر رہے ہیں۔ تو بستر سے اٹھ اور اپنے ہنر سے شراب چھلکا تو اپنی محنت سے شراب حاصل کر اور اس سے دوسروں کو فیض پہنچا۔

۳۔ غیروں سے اپنی تسکین کی بھیک مت مانگ تو بذات خود خوددار اور ایجاد کر یہاں تک کہ غیر ان کے لیے تجھ سے تقاضے کریں۔

۴۔ تو طور کا شعلہ ہے۔ گھاس پھوس اور پتھروں کے چہرے میں گا رہا ہے۔ تو

اپنی بصیرت سے حقائق کی تہ میں اتر اور جان کی صورت میں ابھر۔

۵- اے اخگر تو ابھی خاک ہے۔ تجھے عیش وعشرت زیبا نہیں۔ لذت جوئی ترک کر۔ سخت کوش بن اور مضبوط حوصلوں کے ساتھ اٹھ۔

۶- اگر جہاز دکشی کے باوجود کچھ خودی بچ رہی ہو تو اس کی شست وشو سے پہلے اپنی منحوس جگہ سے ٹل جا۔

۷- روزگار سے اس قدر فرار خودکشی کے مترادف ہے۔ تو تاریک خاکدان سے نکل ورنہ غبار بن جائے گا۔

۸- تیرا رقیب اپنی کاوش کی بدولت دیدار یار سے سرفراز ہوا۔ تجھے کس نے کہہ دیا کہ کاوش سے منھ موڑ کر بزم سے اٹھ جا۔

۹- تو عیادت کے لئے آیا ہے نہ کہ پرخاش کے لئے۔ رواج کے مطابق غم زدہ کی یاد میں بیٹھ اور ہونٹ دانتوں سے دبائے اٹھ۔

۱۰- اے غالب ہر صبح تجھے شراب کی ایک پیالی دیتا ہوں۔ ایسا کب تک؟ کوچہ مغاں کے سرے پر سوئے خدا کو جگا اور اس سے اپنی رسد لے۔

☆☆☆

Abdus Salam

عبدالسلام (۱۹۲۶ـ۱۹۹۶ء) صوبہ پنجاب کے جھنگ قصبہ میں (جواب پاکستان میں واقع ہے) پیدا ہوئے لاہور اور کیمبرج کی درس گاہوں میں تعلیم حاصل کی۔ انھیں ۱۹۷۹ء میں طبیعیات میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔ انھوں نے ترقی پذیر ملکوں کے طلبا کی سائنسی تربیت کے لیے اٹلی کے شہر ٹرسٹی میں عالمی مرتبہ کا نظریاتی طبیعیات کا بین الاقوامی مرکز قائم کیا۔ وہ ترقی پذیر ملکوں میں سائنس کے فروغ کے لیے تا حیات کوشاں رہے۔

۳۳-غالب کے تین اشعار

ذیل کے اشعار اس کتاب کے مبحث کے لب ولباب اجاگر کرتے ہیں۔

(۱) غالب کا مبدء فیض قدیم ایرانی سائنس ہے:-

تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے
تریاکیِ قدیم ہوں دودِ چراغ کا

دودِ چراغ سے مراد پارسیوں کی طبعیات ہے۔ غالب اس قدیم تریاق کے مفتون ہیں۔

(۲) الیکٹرانک عہد:-

کفِ مرا بہ نگارش دوائرِ الفاظ
ز حلقہ ایست کہ در گوشِ نو بہار کشد

یہ شعر غالب کے قصیدہ نمبر ۱۵ سے آیا ہے۔ اس کی تشبیب بلیک ہول سے متعلق ہے اور خاصی لمبی۔

بلیک ہول کرۂ ارضی کو اپنا کف کہتا ہے۔ کف سے اس کی مراد سرکلر ڈسک (سی۔ڈی) ہے جس پر دائروں کی شکل میں کمپیوٹر الفاظ ریکارڈ کرتا ہے۔ نو بہار سے مراد الیکٹرانک عہد ہے۔

شعر کا معنیٰ :

کرۂ ارضی کی سی۔ڈی الفاظ کے دائروں سے پٹ چکی ہے۔ یہ ایک ایسا حلقہ ہے جو الیکٹرانک عہد کو اپنا 'نو بہار بحلقہ' کر چکا ہے۔ گویا الیکٹرانکس زمین پر رہنے والوں کا ناز بردار بن گیا ہے۔

(۳) کوئی راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا:-

نہ کہہ کسی سے کہ غالب نہیں زمانے میں
حریفِ راز محبت، مگر درو دیوار

اب درو دیوار نہ صرف شفاف ہو چکے ہیں بلکہ اپنے پسِ پشت واقع ہر واردات کو ریکارڈ بھی کرنے لگے ہیں۔ ان کی ریکارڈ کبھی بھی دیکھی یا سنی جا سکتی ہے۔

☆☆☆

کرسچین ڈوپلر (۱۸۰۳۔۱۸۵۳ء) اسٹریائی ریاضی داں و عالم طبیعیات اپنے نظریہ جسے ڈوپلر تاثر کہتے ہیں کے لیے مشہور ہیں۔ ان کی نظر میں کوئی مشاہد کسی موج کی منبع کی بہ نسبت اگر حرکت کرتا ہے تو وہ موج کے اقدام کے تواتر اور درازی میں تبدیلی محسوس کرے گا۔ تیز رفتار موٹر گاڑیوں کی آواز سے ان کی سرعت کا علم ٹرافک انسپکٹر کو بہ آسانی ہونے لگا۔ اس نظریہ کو اور بڑھا کر روشنی کے اقدام سے علما اس کے منبع کی دوری اور اس کی حرکت معلوم کرنے لگے۔

Christian Doppler

غالب ڈوپلر کی دریافت کو اپنی زبان میں یوں کہتے ہیں۔

در جوہر آواز کہ فردست نہ بینی
ہنجار دم از زیر جدا ساختہ بم را

آواز کی واحد لے جب چلتی ہے تو اس کی زیر اس کے بم سے مختلف ہوتی ہے۔

۳۴- غالب آئینوں کی نظر میں

(۱) غالب شناس عبدالرحمن بجنوری نے کہا: ہندوستان کی الہامی کتابیں دو ہیں۔ ایک وید مقدس اور دوسری دیوان غالب۔

(۲) سر محمد اقبال کہتے ہیں: آہ تو اجڑی ہوئی دلی میں آرامیدہ ہے
گلشن ویمر میں تیرا ہم نوا خوابیدہ ہے

اس شعر کے ذریعہ اقبال جرمن شاعر اور تمثیل نگار گوئٹے کو غالب کا ہم نوا بتاتے ہیں۔

(۳) مشہور ہندی ادیب و مرکزی ہندی یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر غالب کو دنیا کے پانچ عظیم شاعروں میں شمار کرتے ہیں۔

(۴) مولانا الطاف حسین حالی کہتے ہیں:

ہم نے سب کے کلام دیکھے ہیں ہے ادب شرط مونہہ نہ کھلوائیں
غالب نکتہ داں سے کیا نسبت خاک کو آسمان سے کیا نسبت

(۵) غالب کا آئینہ ان کے متعلق کہتا ہے:

(ا) بر روئے آرزو در دولت کشودہ ایم پیوند خشت از سر خم بر گرفتہ ایم

ہم نے آرزو کے سامنے دولت کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ آسمان کا کہکشاں ہماری گرفت میں آچکا ہے۔

(ب) مئے بر کنار چشمۂ حیواں کشیدہ ایم از خضر انتقام سکندر گرفتہ ایم

ہم چشمۂ حیواں کے کنارے مئے یعنی سائنس کے فروغ میں لگے ہوئے ہیں۔ سائنس آب حیات کا نعم البدل ہے۔ خضر نے سکندر کو آب حیات سے محروم رکھا تھا۔ ہم سائنس کی تخلیق کے ذریعے سکندر کی محرومی کا انتقام خضر سے لے رہے ہیں۔

(ج) ایزد نیافریدہ چنانم بہ فن شعر کا نزا کے نظیر دریں خاکداں دہد

خدا نے شاعری کے فن میں میرا ثانی نہیں بنایا۔ لہٰذا روئے زمین پر میں بے نظیر ہوں۔

Ghalib Ki Nayee Duniya

(Presentation of Ghalib in new light, with English poetic version of his works alongwith photographs of related maters of

Md. Mustaquim